## 95322 - ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم

**سوال**

ڈیجٹل اور ویڈیو کیمرہ سے تصویر بنانے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ڈیجٹل کیمرہ سے تصویر بنانے کی دو قسمیں ہیں:

پہلی قسم:

یہ تصویر فوٹوگرافي ہو ( یعنی کاغذ پر پرنٹ ہونے والی ریل اور فلم کے ذریعہ اتاری گئی ہو ) تو یہ جائز نہیں ہے، لیکن اگر اس تصویر کے استعمال کا مقصد مباح اور جائز ہو، مثلا وہ تصویر جو شناختی کارڈ یا پاسپورٹ، یا لائسنس یا مجرموں کو پہچاننے کے لیے اس طرح دوسری صحیح غرض اور مقصد کے لیے.

اور صرف یاداشت اور یادگیری کے لیے تصویریں رکھنا جائز نہیں جیسا کہ اکثر لوگ کرتے ہیں.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 10326 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

دوسری قسم:

وہ تصویر جو ڈیجٹل کیمرہ سے لی گئی ہو وہ متحرك ہو جیسا کہ ویڈیو تو اس میں کوئی حرج نہیںن اور یہ حرمت میں شامل نہیں ہوتی.

لیکن ایسی تصویر بنانی جائز نہیں جو معصیت و گناہ میں معاون ثابت ہو، یا پھر برائی پر اسے برانگیختہ کرے، مثلا بے پردہ عورتوں کی تصویر بنانا، یا پھر فسق و فجور والی جگہوں یا بدعت و شرك والی جگہوں کی بطور تعظیم اور اس کی راہنمائی کے لیے تصویر بنائی جائے.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 10326 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .